تنقید و تبصرہ

انتخاب حدیث | مرتبہ مولانا عبد الغفار حسن صاحب رحمانی عمر پوری تقطیع کتابی صفحات تقریباً ۰۰ھ کاغذ عمدہ، طباعت متوسط : ناشر - مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی پاکستان اچھرہ لاہور قیمت مجلد مع گرد پوش - چار روپے

مکرم مولانا عبد الغفار حسن صاحب مشہور اہلحدیث عمر پوری خاندان کے چشم و چراغ ہیں، طبیعت کے نیک، علم کے دلدادہ ہیں، مسلمانوں کی اصلاح اور تبلیغ کا جذبہ رکھتے ہیں اور شاید اسی احساس کی وجہ سے وہ ادھر چند سالوں سے جماعت اسلامی کے نظریات سے متاثر ہو گئے ہیں۔

زیر نظر مجموعے میں آپ نے دس موٹے موٹے اور بہت سے ذیلی عنوانوں کے تحت چار سو حدیثیں مع ترجمہ و تشریحات جمع کی ہیں وہ دس عنوان یہ ہیں۔ اساسات دین، تعلیم دین، اقامت دین، عبادات، اخلاقیات پاکیزہ زندگی، صالح معاشرہ، اجتماعی محاسن، اجتماعی مفاسد، صالح اجتماعی نظام۔

شروع میں ۲۶ صفحہ کا ایک مختصر مگر پر مغز اور معلوماتی مقدمہ ہے جو علوم حدیث سے متعلقہ مضامین پر مشتمل ہونے کی وجہ سے بصیرت افروز ہے، آخر میں اصول حدیث کی چند اصطلاحات کی تشریح اور نئے اسلوب سے حدیث کی سند شامل ہونے سے کتاب کی افادی حیثیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔

احادیث کا انتخاب بڑی محنت اور دیدہ دری سے کیا گیا ہے اور ایک بڑی خصوصیت اس مجموعے کی یہ ہے کہ ترجمہ سادہ اور تشریحات مختصر مگر جامع ہیں۔ چند سادے لفظوں میں علمی مفہوم ادا کر دیئے گئے ہیں۔ ہر حدیث پر استنباطی عنوان نئے تقاضوں کے مطابق ہے جس سے مصنف نے دور حاضر کی ایک اہم ضرورت کو پورا کیا ہے۔ البتہ مولانا نے یہ کوشش ضرور کی ہے کہ حدیثیں عقائد سے متعلق ہوں یا اعمال کے، ان میں اہل حدیث کا مسلک نہ ظاہر ہونے پائے بلکہ بعض جگہ اس مسلک پر عمومی رنگ میں طنز بھی پائی جاتی ہے۔ (ص ۰۰۰)

اس کے علاوہ اہلحدیث سے خاندانی اور تلمیذی تعلق کی وجہ سے ہم متوقع تھے کہ صحیحین کی احادیث کے علاوہ روایتوں کی استنادی حیثیت کا ذکر اس میں ملے گا مگر ایسا نہیں کیا گیا بلکہ بعض ضعاف تک کو شامل انتخاب کر لیا گیا ہے۔ امید ہے طبع ثانی میں اس کی تلافی کرنے کی کوشش کی جائے گی، ان بعض خامیوں کے باوجود یہ مجموعہ اردو دان طبقے کے مطالعہ کے لائق ہے کیونکہ تھوڑے سے وقت میں دین کے اہم مسائل سے متعلق کافی واقفیت ہو سکتی ہے۔ قدیم مدارس سے وابستہ حضرات کو نئے عنوانوں پر تبلیغ حدیث کی راہ کا پتہ چل سکے گا۔ اس لحاظ سے مترجم کتب احادیث میں یہ احادیث بہت وقیع اور قابل قدر اضافہ ہے۔